# PS+YOU

## چانسلر Melissa Aviles-Ramos کی جانب سے



### شہری مشغولیت کے لیے حقیقی زندگی سے ایک سبق

عزیز اہل خانہ اور ہمکاران،

اگلے ہفتے 2024 کے انتخابات آپہنچے ہیں، میں ہمارے اسکولوں اور طلبا کے لیے اس لمحے کے مطلب کے بارے میں سوچتی رہی ہوں۔ جبکہ قومی سیاست اکثر متنازع اور باعثِ تقسیم رہے ہیں، انتخابات ہمارے طلبا کے لیے حقیقی وقت میں اور اصل زندگی میں جمہوریت کا عملی طور پر مشاہدہ کرنے کا — اس کی تحقیق کرنے اور اس میں شرکت کرنے، دونوں، کا موقع ہے۔

میں نے حال ہی میں اس مقالے کا مطالعہ کیا ہے جو اس بات کو نمایاں کرتا ہے کہ ملک بھر کے کلاس رومز اپنے بچوں کو انتخابات کے بارے میں کیسے تعلیم دے رہے ہیں (جس میں ہمارا اپنا East Bronx Academy for the Future شامل ہے!)۔ پہلے سے کہیں زیادہ، اب یہ نہایت اہم ہے کہ ہم اپنے طلبا کو ہمارے جمہوری طریقہ کو سمجھنے اور اس میں حصہ لینے کی تعلیم دیں — تاکہ یہ حقیقت اور مفروضات میں فرق کر سکیں، اس کے ساتھ اختلاف کی صورت میں ایک پُراحترام گفتگو کریں۔

اس وجہ سے مجھے ہمارے شہرپیما شہری شمولیت کے آغاز کار Civics For All، پر بہت فخر ہے۔ Civics for All کے 2019 کے آغاز سے لے کر، ہم نے 85,000 نئے ووٹرز کو پری رجسٹر اور رجسٹر کیا ہے۔ ہم نے تمام ہائی اسکولوں کو ووٹر کو متحرک کرنے کا مواد فراہم کردیا ہے اور ہمارے اساتذہ کو وسائل سے لیس کیا ہے تاکہ یہ انتخابات اور دیگر حالات حاضرہ کے بارے میں بات کر سکیں۔ اس ماہ کی ابتدا میں ہم نے اپنے طلبا کی ووٹر کو متحرک کرنے کی ٹیم کے لیے شہرپیما تعلیم دینے کے دن کا انعقاد کیا تھا، جو ہائی اسکول کے 75 طلبا پر مشتمل تھی جنھوں نے اپنی اسکول کی برادریوں میں "ووٹ ڈالنے" کے سفیران کے طور پر خدمات انجام دیں گے۔

کسی بھی انتخابات کے نتائج کے قطع نظر، مجھے پورا یقین ہے کہ ہمارے طلبا اگلی نسل کے قائدین بننے کے لیے بااختیار اور تیار ہیں۔ میں ہمارے تمام معلمین اور خاندانوں کا شکریہ ادا کرنا چاہتی ہوں جو ہمارے طلبا کے لیے سرگرمِ عمل، پُرمعنی انداز میں جمہوری طریقہ کار میں شرکت کا نمونہ پیش کرتے ہیں۔

ایک اور بات — جیسے کہ میں نے گزشتہ ہفتے اس خبرنامے میں بتایا تھا کہ ہم اگلے ماہ PS + You کو ایک نئے انداز میں شائع کریں گے۔ اگر آپ نے پہلے ہی ایسا نہیں کر لیا ہے تو برائے مہربانی ہمیں اپنی آرا فراہم کریں تاکہ ہم یہ یقینی بنا سکیں کہ یہ خبرنامہ ہمارے اسکول کی برادریوں میں ہونے والے عمدہ کام کی عکاسی کرتا ہے۔

شراکت میں،

Melissa Aviles-Ramos

چانسلر

## ہماری مرکزِ توجہ وڈیو:

ترجموں کے لیے، برائے مہربانی ہمارے یوٹیوب پیج پر جائیں۔

اور یہاں پر میئر Eric Adams کی ہفتہ وار وڈیو ہے۔ اگر آپ میئر کے دفتر سے براہِ راست جدید معلومات موصول کرنے میں دلچسپی رکھتے ہیں، براہِ مہربانی یہاں کلک کریں۔

NYCPS اہلِ خانہ: اگر آپ مزید PS+You خبرنامہ موصول نہیں کرنا چاہتے تو خارج ہونے کے لیے برائے مہربانی یہاں ان سبسکرائب کریں۔